## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے قومی تعمیر نو بیورو چیئر مین ڈاکٹر عاصم اور مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما طارق عظیم کی لندن میں علیحدہ علیحدہ ملاقات

## بلدیاتی نظام کے بارے میں فیصلہ بلدیاتی نمائندوں اور عوام کی خواہشات کی روشنی میں کیا جانا چاہیے۔الطاف حسین

## حکومت ہو یا اپوزیشن،سب کو ایک دوسرے کو تسلیم کرنا چاہیے،ایک دوسرے کے مینڈیٹ کا احترام کرنا چاہیے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے قومی تعمیر نو بیورو چیئر مین اور سابق مشیر پیٹرولیم ڈاکٹر عاصم اور پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما اور سابق وزیر مملکت طارق عظیم نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں علیحدہ علیحدہ ملاقات کی ۔جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر عاصم سے ملاقات میں موجودہ بلدیاتی نظام کے مستقبل کے حوالے سے منتخب بلدیاتی نمائندوں اور عوام میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا اور اس مؤقف کو دہرایا کہ موجودہ بلدیاتی نظام کے بارے میں کوئی بھی فیصلہ بلدیاتی نمائندوں اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کی روشنی میں کیا جانا چاہیے۔مسلم لیگ ق کے رہنما طارق عظیم سے جناب الطاف حسین نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت ہو یا اپوزیشن،سب کو ایک دوسرے کو تسلیم کرنا چاہیے،ایک دوسرے کے مینڈیٹ کا احترام کرنا چاہیے اور سیاسی ونظریاتی اختلافات سے بالاتر ہوکر ملک اور جمہوریت کے استحکام اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوششیں کرنا چاہیے۔

## بارش کے پانی کی نکاسی اور مشکلات کے ازالہ کیلئے بھرپور اقدامات کرنے پر حق پرست عوامی نمائندوں ،کارکنان اور بلدیاتی عملے کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت سندھ کے مختلف شہروں میں بارش کے پانی کی نکاسی اور بارش کے دوران شہریوں کی مشکلات کے ازالہ کیلئے بھرپور اقدامات کرنے پر حق پرست عوامی نمائندوں ایم کیوایم کے کارکنان اور بلدیاتی عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں معمولی بارشوں سے کراچی کی سڑکوں پر ہفتوں بارش کا پانی جمع رہتا تھا تاہم شہری حکومت کے ترقیاتی منصوبوں اور نکاسی آب کے بہتر انتظامات کے باعث کراچی کی سڑکوں پر جمع ہونے والا پانی چند گھنٹوں میں صاف کردیا گیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے کارکنان نے آزمائش کی اس گھڑی میں بھی شہریوں کے دکھ درد میں عملاً شرکت کرکے ثابت کردیا کہ حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیوایم کے کارکنان عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے بارش کے پانی کی نکاسی اور شہریوں کی مشکلات کے ازالے کیلئے بھرپور اقدامات کرنے پر حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ،سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال ،ٹاؤن ناظمین ،نائب ناظمین، ڈسٹرکٹ حیدرآباد کے ناظم کنور نوید جمیل ،تعلقہ وتحصیل ناظمین ،نائب ناظمین ،کونسلرز اور ایم کیوایم کے کارکنان کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم نے اپنا مقدمہ عوام کی عدالت میں پیش کردیا ہے،رابطہ کمیٹی

## بریگیڈیئر امتیاز اور جنرل نصیراختر کے بعد بریگیڈیئر آصف ہارون کے اعترافات ایم کیوایم کی حب الوطنی کا ثبوت ہیں

## ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے اپنا مقدمہ عوام کی عدالت میں پیش کردیا ہے اور اب پاکستان کے عوام فیصلہ کریں گے کہ ایم کیوایم پر جھوٹے ،بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کے پس پردہ کونسی گھناؤنی سازش کارفرما تھی۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف ظالمانہ آپریشن کے مرکزی کردار بریگیڈیئر (ر) امتیاز احمد اور جنرل (ر) نصیراختر کے بعد بریگیڈیئر (ر) آصف ہارون کی جانب سے اعتراف کرنا کہ انہوں نے جناح پور کے نقشہ پیش نہیں کئے اور جناح پور کے نقشہ اور ٹارچر سیل کی باتیں افسانہ ہوسکتی ہیں اور یہ اعترافات ایم کیوایم کی حب الوطنی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جھوٹے اور من گھڑت الزام کے تحت ایم کیوایم کو ملک دشمن اور

غدار ثابت کرنے کی کوشش کی گئی اور پاکستان بالخصوص صوبہ پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے دور کرنے کی سازش کی گئی تاکہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے تصور کو ملک بھر میں پھیلنے سے روکا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم پر جھوٹے الزامات عائد کرنے والے فوجی افسران کی جانب سے 17 سال بعد سچائی بیان کی جارہی ہے کہ ایم کیوایم پر جناح پور کی سازش اکاالزام ڈرامہ اور افسانہ ہے اور ایم کیوایم کے دفاتر سے جناح پور کے نقشے برآمد نہیں ہوئے جس پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ایک محبّ وطن جماعت ہے جو فرسودہ جاگیردارنہ نظام کا خاتمہ کرکے پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔ پاکستان کے عوام کو تیسرے درجے کا شہری سمجھنے والے جاگیردار اور وڈیرے نہیں چاہتے کہ ایم کیوایم جیسی جماعت ملک بالخصوص صوبہ پنجاب میں پھیلے اور ملک بھر کے عوام جاگیرداروں اور وڈیروں کے بجائے اپنی صفوں سے قیادتیں نکالیں، اسی خوف کے باعث ایم کیوایم پر جھوٹے الزامات لگائے گئے اور ملک بھر کے عوام کو گمراہ کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم نے اپنا مقدمہ عوام کی عدالت میں پیش کر دیا ہے اور اب پاکستان کے عوام فیصلہ کریں گے کہ ایم کیوایم پر جھوٹے الزامات کے پس پردہ کونسی گھناؤنی سازش کارفرما تھی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ محبّ وطن جماعتوں پر غداری کے الزامات عائد کرنا نہ صرف شرمناک ہے بلکہ سادہ لوح عوام کے ساتھ کھلا دھوکہ ہے لہٰذا وقت کا تقاضہ ہے کہ قومی سلامتی وبقاء اور جمہوریت کے استحکام کیلئے سیاسی جماعتوں کے عوامی مینڈیٹ کو کھلے دل سے تسلیم کیا جائے اور محبّ وطن جماعتوں کو غدار قرار دینے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

## رابطہ کمیٹی اور حق پرست عوامی نمائندوں کا بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد، سیف یار خان، صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور رکن سندھ اسمبلی انور عالم نے پیر کے روز بارش کے دوران شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے نکاسی آب اور شہریوں کو درپیش دیگر مسائل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ٹاؤن ناظم لیاقت آباد اسامہ قادری، ٹاؤن ناظم گلشن اقبال واسع جلیل، ٹاؤن ناظم کمال ملک کے علاوہ دیگر نائب ٹاؤن ناظمین اور ادارہ فراہمی اور نکاسی آب اور کے ای ایس سی کے حکام بھی موجود تھے۔ انہوں نے بارش سے متاثرہ لیاقت آباد، گلشن اقبال اور گلبرگ سمیت شہر کے دیگر مقامات کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں سٹی گورنمنٹ کراچی اور ٹاؤن انتظامیہ کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے نکاسی آب کے کاموں میں مصروف بلدیاتی عملے اور ایم کیوایم کے کارکنوں کی کارکردگی کو سراہا۔ ان کا دورہ رات گئے تک جاری رہا۔ دریں اثناء دیگر حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی صوبائی وزراء، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز بھی بارش کے آغاز کے ساتھ ہی حرکت میں آگئے اور انھوں نے اپنے اپنے حلقوں میں نکاسی آب کے کاموں کی نگرانی کی اور اس حوالے سے بارش کے متاثرین کے مسائل موقع پر ہی حل کئے جس کے باعث ان علاقوں میں صورتحال جلد ہی معمول پر آگئی اور طوفانی بارشوں کے چند گھنٹے بعد ہی سڑکوں پر پانی صاف کر دیا گیا۔

## لاپتہ بلوچ رہنما رسول بخش مینگل کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے لاپتہ بلوچ رہنما رسول بخش مینگل کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مقتول کی درخت سے لٹکی ہوئی لاش کی لسبیلہ سے برآمدگی کو شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک بار پھر تاریخ کے نازک ترین موڑ سے گزر رہا ہے اور ایسے میں لاپتہ بلوچ رہنما رسول بخش مینگل کا بہیمانہ قتل اور لاش کی لسبیلہ سے برآمدگی بلوچ عوام میں اشتعال پیدا کرنے کی سازش ہے تاکہ شہر کراچی کا امن تہس نہس کیا جاسکے۔ انہوں نے مقتول بلوچ رہنما رسول بخش مینگل کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین بھی کی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچ رہنما رسول بخش مینگل کے سفاکانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے اور بلوچ عوام میں احساس محرومی کے خاتمے کیلئے عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## جناح پور کی گھناؤنی سازش کا بے نقاب ہونا الطاف حسین کی جہد مسلسل اور صبر کا ثمر ہے، لیبر ڈویژن
## جناح پور نقشہ کے حقائق کو مسخ کرنے والے ملک کی تاریخ کو مسخ کرنے کا عمل کر رہے ہیں

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے کہا ہے کہ برسوں بعد آج جناح پور نقشہ کی گھناؤنی سازش بے نقاب ہوگئی ہے اور سابق فوجی افسران کی جانب سے اسے افسانہ اور ڈرامہ قرار دیا جا رہا ہے اور حق و سچ کی یہ فتح قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جہد مسلسل اور صبر کا ثمر ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم محبِّ وطن جماعت تھی، ہے اور رہے گی اور اس پر غداری اور ملک دشمنی کے الزامات لگانے والے آج خود قوم کے سامنے حقائق بیان کر رہے ہیں اور شرمندہ ہو رہے ہیں جبکہ ایم کیوایم عزم صمیم، مستقل مزاجی، حب الوطنی کے عملی مظاہرے اور حق پرستانہ جدوجہد کے باعث ایک مرتبہ پھر سرخرو ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق فوجی افسران کے چشم کشا انکشافات کے باوجود بعض سیاسی و مذہبی جماعتیں ایم کیوایم پر بہتان تراشی کر رہی ہے اور ان کے عزائم اور مقاصد میں صرف ایم کیوایم دشمنی ہی شامل ہے اور یہ جماعتیں حقائق کو مسخ کر کے ملک کی تاریخ کو بھی مسخ کرنے کا عمل کر رہی ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ لیبر ڈویژن کے انچارج و اراکین نے کہا کہ دنیا کے سامنے ایم کیوایم کی حب الوطنی ثابت ہو چکی ہے اور یہ بات مکمل طور پر واضح ہو چکی ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف کیا گیا ریاستی آپریشن اور جناح پور کے جعلی نقشہ کی برآمدگی کا ڈرامہ اس لئے رچایا گیا تاکہ ملک بھر بالخصوص پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کر کے دور رکھا جا سکے لیکن حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے اور انشاءاللہ حق پرستی کا سوچ ملک بھر سمیت پنجاب میں ضرور طلوع ہوگا اور پنجاب کے عوام ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کو اپنائیں گے اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کر کے ملک کے استحکام اور سلامیت کو مضبوط بنائیں گے۔

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے غریب عوام پر ظلم قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رمضان کے موقع اور عید سے قبل پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ملک بھر کے غریب عوام ہی براہِ راست متاثر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر بڑھا دی جاتی ہیں اور اس مہنگائی کے دور میں غریب آدمی کیلئے سفید پوشی کا بھرم رکھنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆